شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

21مارچ2023ء

پریس ریلیز

تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام پاکستان بھر میں نمازِ تراویح کے دوران دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگراموں کا انعقاد ہوگا۔ (ایوب بیگ مرزا)

لاہور(پ ر): تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام پاکستان بھر میں نمازِ تراویح کے دوران دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگراموں کا انعقاد ہوگا۔ یہ بات ترجمان تنظیم اسلامی **ایوب بیگ مرزا** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ماہِ رمضان المبارک میں نمازِ تراویح کے دوران قیام اللیل کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے امسال بھی پاکستان بھر میں تنظیم اسلامی، انجمن ہائے خدام القرآن اور قرآن اکیڈیمز کی زیر انتظام دورۂ ترجمہ قرآن وخلاصہ مضامین قرآن کے پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا۔ امیر تنظیم اسلامی، **شجاع الدین شیخ** کا دورۂ ترجمہ قرآن لائیو نشر ہوگا۔ نائب امیر تنظیم اسلامی، اعجاز لطیف، رائیل پیلس بیدیاں روڈ لاہور میں دورۂ ترجمہ قرآن بیان کریں گے۔ مسجد جامع القرآن قرآن اکیڈمی ماڈل ٹاؤن لاہور میں دورۂ ترجمہ قرآن بیان کرنے کی ذمہ داری صدر مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور ڈاکٹر عارف رشید ادا کریں گے۔ ان تمام پروگراموں کی مکمل فہرست تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ www.tanzeem.org سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں دن کے روزہ اور قرآن کے ساتھ رات کے قیام کے ذریعہ رمضان المبارک کی رحمتوں اور برکتوں کو سمیٹنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

رضاالحق

نائب ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان